إن الله يحب أن يقرأ القرآن كما أنزل

بے شک اللہ رب العزت کو یہ بات محبوب ہے کہ قرآن کو اسی طرح پڑھا جائے جیسے نازل ہوا ہے (الحدیث)

معارف قاعدہ



ادارہ معارف القرآن

پیراڈائز ہومز، ابوالحسن اصفہانی روڈ گلشن اقبال کراچی

تَعَوُّذ	اَعُوْذُ ۔ بِاللّٰهِ ۔ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرْ ۔ رَجِيْمِ
تَسْمِيَه	بِسْمِ اللّٰهِ الرْ ۔ رَحْمٰنِ الرْ ۔ رَحِيْمِ

تختی نمبر ۱ مفردات

سوال : مفردات کسے کہتے ہیں؟

جواب : الگ الگ لکھے ہوئے حروف کو مفردات کہتے ہیں۔

سوال : مفردات کتنے ہیں؟

جواب : مفردات ۲۹ ہیں۔

الف ا	با ب	تا ت	ثا ث	جیم ج	حا ح
خا خ	دال د	ذال ذ	را ر	زا ز	سین س
شین ش	صاد ص	ضاد ض	طا ط	ظا ظ	عین ع
غین غ	فا ف	قاف ق	کاف ك	لام ل	میم م
نون ن	واؤ و	ها ہ	ہمزہ ء	یا ی	

مشق متفرق (مخارج کے اعتبار سے)

ء ہ   ع ح   غ خ

ق ک   ج ش ی   ض

ل ن ر   ت د ط

ث ذ ظ   ز س ص

ب م   و ف

موٹے حروف   خ ص ض ط ظ غ ق

نرم حروف   ث ذ ظ   سیٹی والے حروف   ز س ص

حروف حلقی   ء ہ ع ح غ خ

مشابہ آواز حروف   ث س ص

ح ہ   ذ ز   ظ ض

ت ط   ع ء   ق ک

سوال : موٹے حروف کتنے ہیں؟
جواب: موٹے حروف سات ہیں۔ خ ص ض ط ظ غ ق
سوال : ان کو موٹے حروف کیوں کہتے ہیں؟
جواب: اس لیے کہ یہ حروف ہر حال میں موٹے پڑھے جاتے ہیں۔
ان کا نام حروفِ مستعلیہ ہے۔
سوال : موٹے حروف کو پڑھتے وقت بچے کتنی قسم کی غلطیاں کرتے ہیں؟
جواب: دو قسم کی غلطیاں کرتے ہیں۔
(۱) ہونٹ گول کرتے ہیں۔
(۲) باریک پڑھتے ہیں۔
سوال : نرم حروف کتنے ہیں؟
جواب: نرم حروف تین ہیں۔ ث ذ ظ
سوال : ان حروف کو نرم حروف کیوں کہتے ہیں؟
جواب: اس لیے کہ یہ حروف نرمی سے پڑھے جاتے ہیں۔
سوال : سیٹی والے حروف کتنے ہیں؟
جواب: سیٹی والے حروف تین ہیں۔ ز س ص
سوال : ان حروف کو سیٹی والے حروف کیوں کہتے ہیں؟
جواب: اس لیے ان حروف میں سیٹی کی آواز پائی جاتی ہے۔
سوال : حروف حلقی کتنے ہیں؟
جواب: حروف حلقی چھ ہیں۔ ء ہ ع ح غ خ
سوال : ان کو حروفِ حلقی کیوں کہتے ہیں؟
جواب: اس لیے کہ یہ حروف حلق سے ادا ہوتے ہیں۔ حلق عربی زبان میں گلے کو کہتے ہیں۔
سوال : مشابہ آواز حروف کتنے ہیں؟
جواب: مشابہ آواز حروف پندرہ ہیں۔
ث س ص = ح ہ = ذ ز = ظ ض = ت ط = ع ء = ق ك
سوال : ان کو مشابہ آواز حروف کیوں کہتے ہیں؟
جواب: اس لیے کہ ان حروفوں کی آواز ملتی جلتی ہے۔

تختی نمبر ۲ مرکبات

سوال: مرکبات کسے کہتے ہیں؟

جواب: ملے جلے حروف کو مرکبات کہتے ہیں۔

ا	ل	لا	لا	ب	ج
لج	بلب	لک	ک	ک	ت
کت	کا	کل	بکت	ت	تکث
ن	ی	با	نا	تا	یا
ثا	س	ص	ض	ط	بس
یس	نص	تض	ثط	ثج	ح
خ	تح	نخ	یخ	بج	م
م	یم	بم	نم	تم	ثم
بی	یی	تی	ثی	نبل	بنل

تنل	يتل	يثل	بنن	ينن	تين
يثن	بثن	حث	خب	جت	تحت
يجب	بخت	ة	ه	بة	ية
تـة	نـه	هـ	ههه	يهب	بها
بهم	د	ذ	جد	خذ	ر
ز	ر	جر	خز	ير	تز
س	سل	شل	ط	ظا	صب
طب	ضا	ع	غ	عج	غخ
بع	يغ	بعد	بغذ	ف	ق
و	فو	قو	نقر	يفر	يف
فيه	منه	ء	أ	ؤ	ئ

تختی نمبر ۳ بڑی حرکات

سوال : بڑی حرکات کسے کہتے ہیں؟
جواب : زبر، زیر، پیش کو بڑی حرکات کہتے ہیں۔

سوال : بڑی حرکات کو پڑھتے وقت کتنی باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟
جواب : بڑی حرکات کو پڑھتے وقت تین باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔
(۱) کھینچ کر نہیں پڑھنا۔ (۲) جھٹکے سے نہیں پڑھنا۔ (۳) مجہول نہیں پڑھنا۔

سوال : الف کے اوپر زبر، زیر یا پیش آجائے تو الف کیا بن جائے گا۔
جواب : الف کے اوپر زبر، زیر یا پیش آجائے تو الف ھمزہ بن جائے گا۔

سوال : را کے اوپر زبر یا پیش ہو تو کیسے پڑھیں گے؟
جواب : را کے اوپر زبر یا پیش ہو تو موٹا پڑھیں گے۔ جیسے = رَ رُ
سوال : را کے نیچے زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے؟
جواب : را کے نیچے زیر ہو تو باریک پڑھیں گے۔ جیسے = رِ

اَ	اِ	اُ	ہَ	ہِ	ہُ
عَ	عِ	عُ	حَ	حِ	حُ
غَ	غِ	غُ	خَ	خِ	خُ

قَ	قِ	قُ	كَ	كِ	كُ
جَ	جِ	جُ	شَ	شِ	شُ
ىَ	ىِ	ىُ	ضَ	ضِ	ضُ
لَ	لِ	لُ	نَ	نِ	نُ
رَ	رِ	رُ	تَ	تِ	تُ
دَ	دِ	دُ	طَ	طِ	طُ
زَ	زِ	زُ	سَ	سِ	سُ
صَ	صِ	صُ	ثَ	ثِ	ثُ
ذَ	ذِ	ذُ	ظَ	ظِ	ظُ
فَ	فِ	فُ	وَ	وِ	وُ
بَ	بِ	بُ	مَ	مِ	مُ

مشابہ آواز حروف			تَ	طَ	ثَ
سَ	صَ	حَ	ہِ	ذِ	زِ
ضِ	ظِ	عُ	ءُ	قُ	كُ

مشق

بَصَرَ	بَلَغَ	فَعَلَ	اَخَذَ	عَبَسَ	سَجَدَ
اِرَمَ	اِبِلِ	كِبَرَ	اَذِنَ	شَهِدَ	سَفِهَ
مُنِعَ	كُتِبَ	ذُكِرَ	خَبُثَ	رُسُلُ	يَعِدُ

تختی نمبر ۴ جزم

سوال : دال جیسی چھوٹی سی شکل کو کیا کہتے ہیں؟
جواب : دال جیسی چھوٹی سی شکل کو جزم کہتے ہیں۔

سوال : جزم کا دوسرا نام کیا ہے؟
جواب : جزم کا دوسرا نام سکون ہے۔

سوال : جزم کہاں ہوتی ہے؟
جواب : جزم ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتی ہے۔

سوال : جس حرف پر جزم ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟
جواب : جس حرف پر جزم ہو اسے ساکن حرف کہتے ہیں۔

سوال : ساکن حرف کتنی مرتبہ پڑھا جاتا ہے؟
جواب : ساکن حرف ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے متحرک حرف سے مل کر پڑھا جاتا ہے۔

سوال : راساکن سے پہلے زبر یا پیش ہو تو کیسے پڑھیں گے؟
جواب : راساکن سے پہلے زبر یا پیش ہو تو موٹا پڑھیں گے۔ جیسے = اَرْ اُرْ

سوال : راساکن سے پہلے زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے؟
جواب : راساکن سے پہلے زیر ہو تو باریک پڑھیں گے۔ جیسے = اِرْ

اَتْ	اِتْ	اُتْ	اَثْ	اِثْ	اُثْ
اَحْ	اِحْ	اُحْ	اَخْ	اِخْ	اُخْ
اَذْ	اِذْ	اُذْ	اَرْ	اِرْ	اُرْ
اَزْ	اِزْ	اُزْ	اَسْ	اِسْ	اُسْ
اَشْ	اِشْ	اُشْ	اَصْ	اِصْ	اُصْ
اَضْ	اِضْ	اُضْ	اَظْ	اِظْ	اُظْ
اَعْ	اِعْ	اُعْ	اَغْ	اِغْ	اُغْ
اَفْ	اِفْ	اُفْ	اَکْ	اِکْ	اُکْ
اَلْ	اِلْ	اُلْ	اَمْ	اِمْ	اُمْ
اَنْ	اِنْ	اُنْ	اَوْ		اُوْ
اَہْ	اِہْ	اُہْ	اَءْ	اِءْ	اُءْ
		اَیْ	اِیْ		

حروف قلقلہ

سوال : حروف قلقلہ کتنے ہیں؟

جواب : حروف قلقلہ پانچ ہیں۔ ق ط ب ج د

سوال : قلقلہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : ان حروف کے مخرج میں معمولی سی حرکت پیدا کرنے کو قلقلہ کہتے ہیں۔

سوال : ان حروف میں کب قلقلہ ہوگا؟

جواب : جب یہ حروف ساکن ہوں۔

اَقْ	اِقْ	اُقْ	اَطْ	اِطْ	اُطْ
اَبْ	اِبْ	اُبْ	اَجْ	اِجْ	اُجْ
اَدْ	اِدْ	اُدْ			

سوال : وقف کسے کہتے ہیں؟

جواب : کسی بھی کلمے کے آخری حرف پر سانس توڑ کر ٹھہر جانے کو وقف کہتے ہیں۔

سوال : کلمے کے آخری حرف پر پڑی حرکات ہو تو وقف میں کیا کریں گے؟

جواب: کلمے کے آخری حرف پر پڑی حرکات ہو تو وقف میں گرادیں گے اور کلمے کا آخری حرف ساکن ہو جائے گا۔

جیسے: بَصَرَ وَقْفاً بَصَرْ

سوال : کلمے کا آخری حرف پہلے سے ساکن ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کا آخری حرف پہلے سے ساکن ہو تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

جیسے = حُشِرَتْ وَقْفاً حُشِرَتْ

مشق

دَعْ	كَمْ	قَدْ	بَلْ	زِدْ	مِنْ
عِدْ	اِذْ	قُلْ	ذُقْ	تُبْ	كَلْ
اَلْقَتْ	اَتِمْ	اَرْسَلَ	اَثَرْنَ	نَعْبُدُ	اَمْسِكْ
اِرْحَمْ	اِذْهَبْ	اِقْرَأْ	طِبْتُمْ	اُرْكُضْ	اُعْبُدْ
حُشِرَتْ	كُشِطَتْ	اُقْتُلْ	يُؤْمِنُ		

تختی نمبر ۵ تنوین

سوال : تنوین کسے کہتے ہیں؟

جواب : دوزبر، دوزیر، دوپیش کو تنوین کہتے ہیں۔

سوال : دوزبر والی تنوین کے ساتھ کہیں کہیں الف اور یا لکھا ہوتا ہے جوڑ میں پڑھیں گے یا رواں میں؟

جواب : دوزبر والی تنوین کے ساتھ لکھا ہوا ''الف'' اور ''یا'' جوڑ اور رواں دونوں میں نہیں پڑھا جاتا۔ جیسے: مًا مًی .

سوال : را کے اوپر دوزبر یا دوپیش والی تنوین ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : را کے اوپر دوزبر، دوپیش والی تنوین ہو تو موٹا پڑھیں گے۔ جیسے = رًا رٌ

سوال : را کے نیچے دوزیر والی تنوین ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : را کے نیچے دوزیر والی تنوین ہو تو باریک پڑھیں گے۔ جیسے = رٍ

مًامًی	مٍ	مٌ	بًا	بٍ	بٌ
وًا	وٍ	وٌ	فًا	فٍ	فٌ
ظًا	ظٍ	ظٌ	ذًی	ذٍ	ذٌ
ثًا	ثٍ	ثٌ	صًا	صٍ	صٌ

سَا	سِ	سُ	زَا	زِ	زُ
طَا	طِ	طُ	دَی	دِ	دُ
ةَ	تِ	تُ	رَا	رِ	رُ
نَا	نِ	نُ	لَا	لِ	لُ
ضَا	ضِ	ضُ	یَا	یِ	یُ
شَا	شِ	شُ	جَا	جِ	جُ
کَا	کِ	کُ	قَا	قِ	قُ
خَا	خِ	خُ	غَا	غِ	غُ
حَا	حِ	حُ	عَا	عِ	عُ
هَا	هِ	هُ	ءَ	ءِ	ءُ
مشابہ آواز حروف			تَا	طَا	ثَا

صًا	سًا	جً	هٍ	ذٍ	زٍ
ضٍ	ظٍ	عٌ	ءٌ	قٌ	كٌ

سوال : کلمے کے آخری حرف پر دوزبر والی تنوین ہوتو وقف میں کیا کریں گے؟

جواب : کلمے کے آخری حرف پر دوزبر والی تنوین ہوتو وقف میں الف مدہ سے بدل دیں گے۔ جیسے اَبَدًا وَقْفًا اَبَدَا

سوال : کلمے کے آخری حرف پر دوزیر یا دو پیش والی تنوین ہوتو وقف میں کیا کریں گے؟

جواب : کلمے کے آخری حرف پر دوزیر یا دو پیش والی تنوین ہوتو وقف میں گرا دیں گے اور کلمے کا آخری حرف ساکن ہو جائے گا۔ جیسے

كَبَدٍ وَقْفًا كَبَدْ رُسُلٌ وَقْفًا رُسُلْ

سوال : کلمے کا آخری حرف گول ۃ ہوتو وقف میں کیا کریں گے؟

جواب : کلمے کا آخری حرف گول ۃ ہوتو وقف میں ھا ساکن سے بدل دیں گے۔

جیسے : دِيَةٌ وَقْفًا دِيَهْ

مشق

اَبَدًا	رَغَدًا	كِسَفًا	عِنَبًا	طُوًى	صُحُفًا
كَبَدٍ	طَبَقٍ	بَدَمٍ	فِئَةٍ	فُرُشٍ	نُسُكٍ
اَحَدٌ	قَسَمٌ	دِيَةٌ	عِنَبٌ	سُرُرٌ	رُسُلٌ

تختی نمبر ٦ کھڑی حرکات

سوال : حرکات کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : حرکات کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) کھڑی حرکات۔ (۲) پڑی حرکات۔

سوال : کھڑی حرکات کسے کہتے ہیں؟

جواب : کھڑا زبر، کھڑی زیر، الٹا پیش کو کھڑی حرکات کہتے ہیں۔

سوال : کھڑی حرکات اور پڑی حرکات کے پڑھنے میں کیا فرق ہے؟

جواب : کھڑی حرکات کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں اور پڑی حرکات کو کھینچ کر نہیں پڑھتے۔

سوال : کھڑی حرکات کو پڑھتے وقت کتنی باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

جواب : کھڑی حرکات کو پڑھتے وقت تین باتوں کا خیال رکھنا چاہئیں۔

(۱) کھینچ کر پڑھنا چاہیے۔

(۲) بغیر جھٹکا دیئے پڑھنا چاہیے۔

(۳) معروف پڑھنا چاہیے۔

سوال : را کے اوپر کھڑا زبر یا اُلٹا پیش ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : را کے اوپر کھڑا زبر یا اُلٹا پیش ہو تو موٹا پڑھیں گے۔ جیسے = رٰ رٗ

سوال : را کے نیچے کھڑی زیر ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : را کے نیچے کھڑی زیر ہو تو باریک پڑھیں گے۔ جیسے = رٖ

بَ	بِ	بُ	تَ	تِ	تُ
ثَ	ثِ	ثُ	جَ	جِ	جُ
حَ	حِ	حُ	خَ	خِ	خُ
دَ	دِ	دُ	ذَ	ذِ	ذُ
رَ	رِ	رُ	زَ	زِ	زُ
سَ	سِ	سُ	شَ	شِ	شُ
صَ	صِ	صُ	ضَ	ضِ	ضُ
طَ	طِ	طُ	ظَ	ظِ	ظُ
عَ	عِ	عُ	غَ	غِ	غُ
فَ	فِ	فُ	قَ	قِ	قُ
كَ	كِ	كُ	لَ	لِ	لُ
مَ	مِ	مُ	نَ	نِ	نُ

وٰ	وٖ	وٗ	ہٰ	ہٖ	ہٗ
ءٰ	ءٖ	ءٗ	اٰ	اٖ	اٗ
مٰ	مٖ	مٗ	یٰ	یٖ	یٗ
مشابہ آواز حروف			تٰ	طٰ	ثٰ
سٰ	صٰ	حٰ	ہٖ	ذٖ	زٖ
ضٖ	ظٖ	عٗ	ءٗ	قٗ	کٗ

سوال : کلمے کے آخری حرف پر کھڑا زبر ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کے آخری حرف پر کھڑا زبر آجائے تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی

جیسے: اُوْلٰی وَقْفاً اُوْلٰی

سوال : کلمے کے آخری حرف پر کھڑی زیر یا اُلٹا پیش ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کے آخری حرف 'ہ' پر کھڑی زیر یا اُلٹا پیش آجائے وقف میں گرادیں گے اور کلمے کا آخری حرف ساکن ہو جائے گا۔ جیسے بِہٖ وقفاً بِہْ ۔ مَعَہٗ وقفاً مَعَہْ

سوال : کھڑی حرکات کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کھڑی حرکات کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو مدہ عارض وقفی ہوگی۔

جیسے: یَدٰہُ وقفاً یَدٰہْ

سوال : مدعارض وقفی کا مطلب کیا ہے؟

جواب : مدہ عارض وقفی کا مطلب ہے۔وقف میں تین الف کے برابر کھینچ کر پڑھنا

جیسے: اَلْفِ وقفاً اَلْفْ

مشق

اٰمَنَ	اٰوٰى	يَدُهٗ	مَاٰرِبُ	يَحْيٰى	طَغٰى
اَلْفِ	بِهٖ	بِيَدِهٖ	اِبْرٰهٖمَ	كُتُبِهٖ	رُسُلِهٖ
وُرِىَ	مَعَهٗ	نِصْفَهٗ	اَقْبَرَهٗ	وَجْهَهٗ	صَدْرَهٗ
خَطٰيٰكُمْ	رِسٰلٰتِ	مَسٰجِدَ	قُرْاٰنًا	هَمَزٰتِ	زَكٰوةً
بَعْدِهٖ	بِنَصْرِهٖ	بِرَحْمَتِهٖ	اَلْفِهِمْ	ظُلْمِهٖ	بِعَبْدِهٖ
يَبْسُطُهٗ	قَتَلَهٗ	قَبْضَتُهٗ	اَطْعَمَهٗ	يَسْتَوٗنَ	يَلْوٗنَ

تختی نمبر ۷ حروف مدہ

سوال : حروف مدہ کتنے ہیں؟

جواب : حروف مدہ تین ہیں۔الف مدہ، یامدہ، واؤمدہ۔

سوال : الف کب مدہ ہوگا؟
جواب : الف خالی سے پہلے زبر ہو تو الف مدہ ہوگا۔ جیسے: بَا
سوال : یا کب مدہ ہوگی؟
جواب : یا ساکن سے پہلے زیر ہو تو یا مدہ ہوگی۔ جیسے: بِیْ
سوال : واؤ کب مدہ ہوگا؟
جواب : واؤ ساکن سے پہلے پیش ہو تو واؤ مدہ ہوگا۔ جیسے: بُوْ
سوال : حروف مدہ کو کیسے پڑھتے ہیں؟
جواب : حروف مدہ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔
سوال : حروف مدہ اور کھڑی حرکات کے پڑھنے میں کیا فرق ہے؟
جواب : حروف مدہ اور کھڑی حرکات کے لکھنے میں فرق ہے۔ پڑھنے میں کوئی فرق نہیں ہے۔

بَا	بِیْ	بُوْ	تَا	تِیْ	تُوْ
ثَا	ثِیْ	ثُوْ	جَا	جِیْ	جُوْ
حَا	حِیْ	حُوْ	خَا	خِیْ	خُوْ
دَا	دِیْ	دُوْ	ذَا	ذِیْ	ذُوْ
رَا	رِیْ	رُوْ	زَا	زِیْ	زُوْ
سَا	سِیْ	سُوْ	شَا	شِیْ	شُوْ

صَا	صِیْ	صُوْ	ضَا	ضِیْ	ضُوْ
طَا	طِیْ	طُوْ	ظَا	ظِیْ	ظُوْ
عَا	عِیْ	عُوْ	غَا	غِیْ	غُوْ
فَا	فِیْ	فُوْ	قَا	قِیْ	قُوْ
کَا	کِیْ	کُوْ	لَا	لِیْ	لُوْ
مَا	مِیْ	مُوْ	نَا	نِیْ	نُوْ
وَا	وِیْ	وُوْ	ھَا	ھِیْ	ھُوْ
ءٰ	ءِیْ	ءُوْ	اٰ	اِیْ	اُوْ

یَا	یِیْ	یُوْ

نوٹ : پڑی حرکات کو بغیر کھینچے بغیر جھٹکا دیئے ادا کیا جاتا ہے۔ جبکہ کھڑی حرکات اور حروف مدہ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھا جاتا ہے۔ آنے والی چند سطور میں اسی فرق کو ظاہر کیا گیا ہے بچوں کو اچھی طرح سمجھائیں تاکہ فرق اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔

سَ	سٰ	سَا	سِ	سٖ	سِیْ

سُ	سٗ	سُوْ	صَ	طٗ	صَا
صِ	صٖ	صِیْ	صُ	ضٗ	صُوْ
زَ	زٗ	زَا	زِ	زٖ	زِیْ

سوال : کلمے کا آخری حرف الف مدہ ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کا آخری حرف الف مدہ ہو تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

بَنٰهَا وَقْفاً بَنٰهَا

سوال : کلمے کا آخری حرف یا مدہ ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کا آخری حرف یا مدہ ہو تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

اَخِیْ وَقْفاً اَخِیْ

سوال : کلمے کا آخری حرف واؤ مدہ ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کا آخری حرف واؤ مدہ ہو تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

قَالُوْ وَقْفاً قَالُوْ

سوال : حروف مدہ کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : حروف مدہ کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو مد عارض وقفی ہو گی۔

سوال : مدہ عارض وقفی کا مطلب کیا ہے؟

جواب : مدہ عارض وقفی کا مطلب ہے وقف میں تین الف کے برابر کھینچ کر پڑھیں

جیسے خَافَ وَقْفًا خَافْ

مشق

بَنٰهَا	طَحٰهَا	ذَرُوْنَا	وَضَعْنَا	رَفَعْنَا	خَلَقْنَا
اَخِیْ	رُوْحِیْ	دِیْنِیْ	تَجْرِیْ	اَبِیْ	نَفْسِیْ
یَدْعُوْا	یَتْلُوْا	قَالُوْا	خَسِرُوْا	اُعْبُدُوْا	اِفْعَلُوْا
خَافَ	فَوَاكِهَ	ضَاحِكًا	طَالَ	عَادٌ	اَصَابَ
تَسْنِیْمٌ	نَذِیْرٌ	نُوْحِیْهَا	غِیْضَ	قِیْلَ	عَلِیْمٌ
اَعُوْذُ	جُوْعٍ	تَفُوْرُ	مَكْسُوْبٍ	یَمْنَعُوْنَ	رَسُوْلٍ
غَاوٗنَ	مَحْفُوْظٍ	یَقُوْلُوْنَ	مُفْسِدِیْنَ	مَخْتُوْمٍ	مَاكِثِیْنَ

تختی نمبر ۸ حروف لین

سوال : حروف لین کتنے ہیں؟

جواب : حروف لین دو ہیں۔ واؤ لین۔ یائے لین۔

سوال : واؤ کب لین ہوگی؟

جواب : واؤ ساکن سے پہلے زبر ہو تو واؤ لین ہوگی۔ جیسے: بَوْ

سوال : یا کب لین ہوگی؟

جواب : یا ساکن سے پہلے زبر ہو تو یائے لین ہوگی۔ جیسے: بَیْ

سوال : حروف لین کو کیسے پڑھتے ہیں؟

جواب : حروف لین کو جلدی اور نرمی کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

سوال : حروف مدہ اور حروف لین کے پڑھنے میں کیا فرق ہے؟

جواب : حروف مدہ کو ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں جبکہ حروف لین کو جلدی اور نرمی کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

بَوْ	بَیْ	تَوْ	تَیْ	ثَوْ	ثَیْ
جَوْ	جَیْ	حَوْ	حَیْ	خَوْ	خَیْ
دَوْ	دَیْ	ذَوْ	ذَیْ	رَوْ	رَیْ
زَوْ	زَیْ	سَوْ	سَیْ	شَوْ	شَیْ
صَوْ	صَیْ	ضَوْ	ضَیْ	طَوْ	طَیْ
ظَوْ	ظَیْ	عَوْ	عَیْ	غَوْ	غَیْ
فَوْ	فَیْ	قَوْ	قَیْ	کَوْ	کَیْ

لَوْ	لَیْ	مَوْ	مَیْ	نَوْ	نَیْ
وَوْ	وَیْ	هَوْ	هَیْ	ءَوْ	ءَیْ
	اَوْ	اَیْ	یَوْ	یَیْ	

ہدایات: ذیل میں دیئے گئے الفاظ کے ذریعہ حروف مدہ اور حرف لین کی پہچان اس طرح کروائیں کہ بچے دونوں کی شکلوں کے فرق اور ادائیگی کے فرق کو اچھی طرح ذہن نشین کرلیں۔

تَوْ	تُوْ	تَیْ	تِیْ	طَوْ	طُوْ
طَیْ	طِیْ	ثَوْ	ثُوْ	ثَیْ	ثِیْ
سَوْ	سُوْ	سَیْ	سِیْ	صَوْ	صُوْ
صَیْ	صِیْ	حَوْ	حُوْ	حَیْ	حِیْ
هَوْ	هُوْ	هَیْ	هِیْ	ذَوْ	ذُوْ
ذَیْ	ذِیْ	زَوْ	زُوْ	زَیْ	زِیْ
ظَوْ	ظُوْ	ظَیْ	ظِیْ	ضَوْ	ضُوْ

ضَیْ	ضِیْ	عَوْ	عُوْ	عَیْ	عِیْ
ءَوْ	ءُوْ	ءَیْ	ءِیْ	قَوْ	قُوْ
قَیْ	قِیْ	کَوْ	کُوْ	کَیْ	کِیْ

سوال : کلمے کا آخری حرف حروف لین ہو تو وقف میں کیسے پڑھیں گے؟

جواب : کلمے کا آخری حرف حروف لین ہو تو وقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔

جیسے: طَغَوْا وَقْفاً طَغَوْا

سوال : حروف لین کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو کیسے پڑھیں گے؟

جواب : حروف لین کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو مدعارض لین ہو گی۔

جیسے: خَوْفٍ

سوال : مدعارض لین کا مطلب کیا ہے؟

جواب : مدعارض لین کا مطلب ہے وقف میں دو (۲) الف کے برابر کھینچ کر پڑھنا۔

مشق

طَغَوْا	لِیُرَوْا	تَوَاصَوْا	یَدَیْ	لَدَیْ	وَهَدَیْ
خَوْفٍ	یَنْئَوْنَ	یَرَوْنَ	قَوْلُ	فَوْقَ	سَوْفَ
بِدَیْنٍ	قُرَیْشٍ	اَرَءَیْتَ	عَیْنَیْنِ	وَیْلُ	لِشَایْءٍ

صَومًا	مَوْءُدَۃُ	يُسْقَوْنَ	اَوْهَنَ	مَوْقُوفُوْنَ	اَعْطَيْنَا
هَيْهَاتَ	عَصَایَ	رُوَيْدًا	عَلَيْهِمْ	لَيْلَةُ الْقَدْرِ

تختی نمبر ۹ تشدید

سوال : تشدید کسے کہتے ہیں؟

جواب : تین دندانوں والی چھوٹی سی شکل کو تشدید کہتے ہیں۔

سوال : تشدید کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب : تشدید کا دوسرا نام شد ہے۔

سوال : شد کہاں ہوتا ہے؟

جواب : شد ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے۔

سوال : جس حرف پر شد ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب : جس حرف پر شد ہو اسے مشدد حرف کہتے ہیں۔

سوال : مشدد حرف کتنی مرتبہ پڑھا جاتا ہے؟

جواب : مشدد حرف دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ایک مرتبہ اپنے سے پہلے والے متحرک حرف سے مل کر اور دوسری مرتبہ اپنی حرکت کے مطابق۔

سوال : مشدد حرف کو کیسے پڑھتے ہیں؟

جواب : مشدد حرف کو سختی اور جماؤ کے ساتھ پڑھتے ہیں۔

اَثَّ	اِثَّ	اُثَّ	اَذَّ	اِذَّ	اُذَّ
اَظَّ	اِظَّ	اُظَّ	اَزَّ	اِزَّ	اُزَّ
اَسَّ	اِسَّ	اُسَّ	اَصَّ	اِصَّ	اُصَّ
اَقَّ	اِقَّ	اُقَّ	اَطَّ	اِطَّ	اُطَّ
اَبَّ	اِبَّ	اُبَّ	اَجَّ	اِجَّ	اُجَّ
اَدَّ	اِدَّ	اُدَّ	اَفَّ	اِفَّ	اُفَّ

مشق

وَتَبَّ	صَبَّ	لَدَىَّ	قَدَّرَ	نَعَّمَ	كَرَّةٌ
عَدُوٌّ	تَوَلّٰى	لَشَتّٰى	مُدَّتْ	حُقَّتْ	تَبَّتْ
مُسْتَقَرٌّ	دُرِّيٌّ	يَذَّكَّرُ	يَشَّقَّقُ	عِلِّيُّوْنَ	عِلِّيِّيْنَ
سَامِرِيٌّ	مِنَ الْحَيِّ	فَطَلٌّ	غَسَّاقًا	اَشَقُّ	عَرَبِيٌّ

تختی نمبر ۱۰ نون مشدد اور میم مشدد

نوٹ: نّ مشدد اور مّ مشدد پر ہمیشہ غنہ ہوگا۔ غنہ ناک میں آواز چھپانے کا نام ہے۔

اِنَّ	ظَنَّ	هُنَّ	عَمَّ	ثُمَّ	جَمًّا
يَظُنُّ	اُمَّةٍ	فَلَمَّا	جَنَّةٍ	مُسَمًّى	خُنَّسِ
اِنَّ الظَّنَّ	اُمِّيُّوْنَ	وَالنّٰشِطٰتِ	يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ		

تختی نمبر ۱۱

نون ساکن اور نون تنوین کے قاعدے

سوال : نون ساکن اور نون تنوین کے پڑھنے میں کیا فرق ہے؟

جواب : نون ساکن اور نون تنوین کے پڑھنے میں کوئی فرق نہیں ہے لکھنے میں فرق ہے۔

جیسے = بًا بَنْ

سوال : نون ساکن اور نون تنوین کے کتنے قاعدے ہیں؟

جواب : نون ساکن اور نون تنوین کے چار قاعدے ہیں:

(۱) اِظہار۔ (۲) اِدغام۔ (۳) اِخفاء۔ (۴) اِقلاب

(۱) اِظہار کے معنی = ظاہر کرنا۔

سوال : نون ساکن اور نون تنوین میں اظہار کب ہوگا؟

جواب : نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف حلقی کے چھ حروف ء، ہ، ع، ح، غ، خ میں سے کوئی بھی حرف آ جائے تو اظہار ہوگا۔ یعنی غنہ نہیں ہوگا۔

جیسے = مَنْ اٰمَنَ نَارٌ حَامِيَةٌ

اِظہار	مَنْ اٰمَنَ	كُلٌّ اٰمَنَ	مَنْ هَاجَرَ
مُنْهَمِرٍ	فَرِيْقًا هَدٰى	يَنْهَوْنَ	مِنْ عَلَقٍ
اَنْعَمْتَ	يَوْمٌ عَسِرٌ	مَنْ حَرَّمَ	اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ
وَانْحَرْ	نَارٌ حَامِيَةٌ	مِنْ غَيْرِكُمْ	فَسَيُنْغِضُوْنَ
مِنْ خَيْرٍ	وَالْمُنْخَنِقَةُ	نَخْلٍ خَاوِيَةٍ	

اِدْغام = معنی ملانا۔

سوال : حروف یرملون کتنے ہیں؟

جواب : چھ ہیں۔ (ی ر م ل و ن) ان کو حروف ادغام بھی کہتے ہیں۔

سوال : ادغام کی کیا تعریف ہے؟

جواب : ایک حرف کو دوسرے حرف میں اس طرح داخل کرنا کہ دوسرا حرف مشدد بن جائے۔

سوال : نون ساکن اور نون تنوین میں ادغام کب ہوگا؟

جواب : نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف یرملون میں سے کوئی حرف آ جائے تو ادغام ہوگا۔

سوال : ادغام کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : ادغام کی دو قسمیں ہیں۔(۱) ادغام مع الغنہ ۔(۲) اِدغام بلاغنہ۔

سوال : ادغام مع الغنہ کب ہوگا؟

جواب : نون ساکن اورنون تنوین کے بعد حروف یرملون کے چار حروف میں سے ی م و ن آجائے تو ادغام مع الغنہ ہوگا۔ جیسے۔ مَنۡ يَّقُوۡلُ

سوال : ادغام بلاغنہ کب ہوگا؟

جواب : نون ساکن اورنون تنوین کے بعد حروف یرملون میں سے ل ر آجائے تو ادغام بلاغنہ ہوگا۔ ادغام بلاغنہ کا مطلب ہے۔ ملا کر پڑھنا غنہ کے بغیر۔ جیسے: مِنۡ رَّبِّكَ مِنۡ لَّدُنۡهُ

اِدغام مع غنہ	مَنۡ يَّقُوۡلُ	وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ	مِنۡ مَّقَامٍ		
خَيۡرٌ مِّنۡهُ	مِنۡ نَّارٍ	نُوۡرًا نَّهۡدِىۡ	مِنۡ وَّالٍ	اِلٰهٌ وَّاحِدٌ	
ادغام بلاغنہ	مِنۡ لَّدُنۡهُ	مَثۡوًى لَّهُمۡ	مِنۡ رَّبِّكَ	غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ	

اخفاء

سوال : حروف اخفاء کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

جواب : حروف اخفاء پندرہ ہیں وہ یہ ہیں:

ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ك

(۳) اخفاء کے معنیٰ = چھپانا

سوال : نون ساکن اور نون تنوین میں اِخفاء کب ہوگا؟

جواب : نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف حلقی یرملون اور با کے علاوہ باقی پندرہ حروف میں سے کوئی حرف آ جائے تو وہاں اخفا ہوگا یعنی غنہ کریں گے۔ جیسے۔ اَنْتَ

اِخفاء	اَنْتَ	وَالْاُنْثٰی	وَالْاِنْجِیْلَ	دَكًّا دَكًّا

مُنْذِرٌ	فَانْصَبْ	مِنْ طِيْنٍ	اُنْظُرْ	اَنْقَضَ	عَنْ سَبِيْلٍ

يَوْمَئِذٍ زُرْقًا	مِنْ شَجَرَةٍ	عَنْ ضَيْفِ	قِتَالٌ فِيْهِ	كِرَامًا كَاتِبِيْنَ

اقلاب

(۴) اقلاب کے معنی = بدلنا

سوال : اقلاب کب ہوگا؟

جواب : نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حرف (ب) آ جائے تو اقلاب ہوگا یعنی نون ساکن اور نون تنوین کو م سے بدل کر غنہ کریں گے۔ جیسے = مِنْ بَعْدِ

اِقلاب	مِنْ بَعْدِ	مَنْ بَخِلَ	اَمَدًا بَعِيْدًا	كِرَامٍ بَرَرَةٍ

تنبیہ : نون ساکن اور نون تنوین کے بعد ''واؤ'' اور ''ی'' اگر اسی کلمہ میں ہوں گے تو وہاں غنہ نہیں ہوگا۔

اَلدُّنْيَا	بُنْيَانٌ	بُنْيَانَهٗ	صِنْوَانٌ	قِنْوَانٌ	صِنْوَانٍ

تختی نمبر ۱۲ میم ساکن کے قاعدے

سوال : میم ساکن کے کتنے قاعدے ہیں؟

جواب : میم ساکن کے تین قاعدے ہیں۔

(۱) ادغام۔ (۲) اخفاء۔ (۳) اظہار۔

سوال : میم ساکن میں ادغام کب ہوگا؟

جواب : میم ساکن کے بعد اگر دوسری میم آجائے تو ادغام ہوگا۔ یعنی دونوں میموں کو ملا کر غنہ سے پڑھیں گے۔ جیسے: لَكُمْ مَّا

اِدغام	لَكُمْ مَّا	اٰتِيكُمْ مِّنْهَا	لَكُمْ مِّنْهُ
وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ	اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ	كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ	

(۲) اِخفاء.

سوال : میم ساکن میں اخفاء کب ہوگا؟

جواب : میم ساکن کے بعد حرف (ب) آجائے تو اِخفاء ہوگا۔ یعنی دونوں ہونٹوں کو ملا کر غنہ سے پڑھیں گے۔

جیسے: تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مَا لَهُمْ بِهٖ

اِخفاء	مَا لَهُمْ بِهٖ	وَكَفَرْتُمْ بِهٖ	يَعْتَصِمْ بِاللّٰهِ
تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ	اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ	بَعْضُكُمْ بَعْضًا	

(۳) اِظہار.

سوال : میم ساکن میں اظہار کب ہوگا؟

جواب : میم ساکن کے بعد (ب ، م) کے علاوہ باقی حروف میں سے کوئی بھی حرف آجائے تو اظہار ہوگا یعنی غنہ نہیں ہوگا۔

جیسے: اَلَمْ تَرَ اَمْشَاجٍ

اِظہار	اَلَمْ نَشْرَحْ	اَمْشَاجٍ	اَلَمْ تَرَ
لَهُوْ ذِكْرًا	اَمْرِیْ	وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ	

تختی نمبر ۱۳ مدآت

سوال : مد کے کیا معنیٰ ہیں؟

جواب : مد کے معنیٰ کھینچنا اور دراز کرنا۔

سوال : مد کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : مد کی دو قسمیں ہیں۔(۱) مدِ اصلی۔(۲) مدِ فرعی۔

سوال : مدِ اصلی کسے کہتے ہیں؟

جواب : مدِ اصلی حروف مدہ کے وجود کو کہتے ہیں۔

سوال : مدِ فرعی کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : مدِ فرعی کی چار قسمیں ہیں۔(۱) مدِ متصل۔(۲) مدِ منفصل۔
(۳) مدِ لازم۔(۴) مدِ عارض۔

سوال : مد ہونے کے کتنے سبب ہیں؟

جواب : مد ہونے کے تین سبب ہیں۔(۱) ھمزہ۔(۲) سکون۔(۳) تشدید۔(اء ُ ّ)

سوال : مد متصل کب ہوگی؟

جواب : حروف مدہ کے بعد سبب ھمزہ اُسی کلمہ میں ہو تو مد متصل ہوگی۔ جیسے جَآءَ۔

سوال : مد منفصل کب ہوگی؟

جواب : حروف مدہ کے بعد سبب ھمزہ دوسرے کلمہ میں ہو تو مدِ منفصل ہوگی۔
جیسے مَآ اَمَرَ۔

سوال : مدِ لازم کب ہوگی؟

جواب : حروف مدہ کے بعد سبب سکون اصلی آ جائے تو مدِ لازم ہوگی۔ جیسے آلْئٰنَ.
قرآن پاک میں یہ ایک ہی مثال ہے۔ تشدید کی بہت مثالیں ہیں۔

سوال : مد عارض کب ہوگی؟

جواب : حروف مدہ کے بعد والا حرف وقف میں ساکن ہو رہا ہو تو مدِ عارض ہوگی۔
جیسے رَحِيمٌ

جَآءَ	جِآیٔ	سُوٓءَ	مَآ اَمَرَ	مَآ اَصَابَ
مَآءً	بِضِيَآءٍ	اَوْلِيَآءَ	دُعَآءِ	يَشَآءُ
نِسَآءِ	سَوَآءٌ	ضَآلًّا	دَآبَّةٍ	لَضَآلُّوْنَ
بَنِيْٓ اٰدَمَ	بِمَآ اُنْزِلَ	اُولٰٓئِكَ	وَالصّٰٓفّٰتِ	وَلَا الْجَآنُّ

وَلَا الضَّآلِّيْنَ	وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ	غَيْرَ مُضَآرٍّ
اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ	صَوَآفَّ	جَآءَتِ الصَّآخَّةُ

تختی نمبر ۱۴ حُرُوفِ مُقَطَّعَات

سوال : حروف مقطعات کسے کہتے ہیں؟

جواب : قرآن پاک میں بعض سورتوں کے ابتدائی حروف الگ الگ بغیر حرکت کے پڑھے جاتے ہیں ان کو حروفِ مقطعات کہتے ہیں۔

الٓمّٓ	الٓمّٓصٓ	الٓرٰ	الٓمّٓرٰ
كٓهٰيٰعٓصٓ	طٰهٰ	طٰسٓمّٓ	طٰسٓ

یٰسٓ	صٓ	حٰمٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
قٓ	نٓ	الٓمّٓ	اللّٰہُ

تختی نمبر ۱۵ مشق متفرق

را کے قاعدے

سوال : را کے کتنے قاعدے ہیں؟

جواب : را کے سات قاعدے ہیں۔

(۱) را کے اوپر زبر پیش ہو تو موٹا۔ زیر ہو تو باریک پڑھی جائے گی۔

جیسے رَ رُ رِ

(۲) را کے اوپر دو زبر دو پیش ہو تو موٹا دو زیر ہو تو باریک پڑھی جائے گی۔

جیسے رًا رٌ رٍ

(۳) را ساکن سے پہلے زبر پیش ہو تو موٹا زیر ہو تو باریک پڑھی جائے گی۔

جیسے اَرْ اُرْ اِرْ

(۴) را کے اوپر کھڑا زبر اُلٹا پیش ہو تو موٹا کھڑی زیر ہو تو باریک پڑھی جائے گی۔

جیسے رٰ رٗ رٖ

(۵) را ساکن سے پہلے زیر عارضی ہو تو را موٹی پڑھی جائے گی۔

جیسے اِرْجِعُوْا

(۶) را ساکن سے پہلے زیر دوسرے کلمے میں ہو تو را موٹی پڑھی جائے گی۔
جیسے اَمِ ارْتَابُوْا

(۷) را ساکن کے بعد موٹے حروف میں سے کوئی حرف آ جائے تو را موٹی پڑھی جائے گی۔ جیسے فِرْقَةٍ

اِرْجِعُوْا	اِرْجِعِیْ	اِرْجِعْ	وَارْصَادًا	فِرْقَةٍ
رَبِّ ارْجِعُوْنِ	اَمِ ارْتَابُوْا	اِنِ ارْتَبْتُمْ	لِمَنِ ارْتَضٰی	
رَبِّ ارْحَمْهُمَا	فِیْ قِرْطَاسٍ	لَبِالْمِرْصَادِ	كُلُّ فِرْقٍ	

لام کے قاعدے

لفظ اَللّٰهُ اور اَللّٰهُمَّ کے ل سے پہلے زبر یا پیش آ جائے تو موٹا پڑھیں گے اور زیر آ جائے تو باریک پڑھیں گے۔
جیسے: اَللّٰهُ = اَللّٰهُمَّ = لِلّٰهِ = قَالُوا اللّٰهُمَّ
باقی تمام لام باریک پڑھیں گے۔ جیسے: وَالَّيْلِ

اَللّٰهُ	فَاللّٰهُ	تَاللّٰهِ	لِلّٰهِ	بِاللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ	قَالُوا اللّٰهُمَّ	قُلِ اللّٰهُمَّ	تَجَلّٰی	
وَلَا صَلّٰی	مَاوَلّٰهُمْ	وَالَّيْلِ	وَمَا قَلٰی	صَلٰوةً

مِنَ اللّٰهِ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	اَعُوْذُ بِاللّٰهِ	بِسْمِ اللّٰهِ

نون قطنی کے قاعدے

(۱) ہمزہ وصلی پہلے کلمے سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں گر جاتا ہے

جیسے = نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا

(۲) پہلے کلمے کے آخری حرف پر تنوین ہو اور دوسرے کلمے کے شروع میں ہمزہ وصلی ہو تو ملا کر پڑھنے کی صورت میں دو زبر کی جگہ ایک زبر دو زیر کی جگہ ایک زیر اور دو پیش کی جگہ ایک پیش آجائے گا اور ہمزہ وصلی کو گرادیں گے۔ اس کی جگہ چھوٹا سا نون آئے گا اس کے نیچے ہمیشہ زیر ہوگی اسے نون قطنی کہتے ہیں۔

طُوًى ۝ نِ اذْهَبْ

بچوں کو وصلاً اور فصلاً دونوں طرح ہجے کرائیں۔

نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا	يَعْلَمُوْنَ ۝ اَلْحَقُّ	لُمَزَةِ ۝ نِ الَّذِىْ
اَحَدٌ ۝ نِ اللّٰهُ	خَيْرٌ نِ اهْبِطُوْا	مَقْدُوْرًا ۝ نِ الَّذِىْ
فِتْنَةُ نِ انْقَلَبَ	مَثَلًا نِ الْقَوْمُ	طُوًى ۝ نِ اذْهَبْ

ذیل کے کلمات میں ادغام کی وجہ سے ''ت، د، ذ اور ل کو نہ پڑھا جائے۔

قَالَتْ طَّآئِفَةٌ	اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ	اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ

عَقَدْتُّمْ	اِنْ كِدْتَّ	عَبَدْتُّمْ
اِذْظَّلَمُوْا	اِذْظَّلَمْتُمْ	قُلْ رَّبِّ
قُلْ رَّبِّيْ	بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ	

ذیل کے کلمات میں ''ص'' کے اوپر چھوٹا سا ''س'' لکھا ہوا ہے۔ اس کے پڑھنے کی تفصیل اس طرح ہے۔

۱اور۲ میں صرف ''س'' پڑھا جائے۔ ۳ میں ''ص'' اور ''س'' دونوں جائز ہیں۔ ۴ میں صرف ''ص'' پڑھا جائے۔

وَيَبْصُۜطُ (۱)	بَصْۜطَةً (۲)	اَلْمُصَۜيْطِرُوْنَ (۳)	بِمُصَۜيْطِرٍ (۴)

اماله

اس کلمہ کی را کو باریک پڑھتے ہوئے، ہمارے، تمہارے کی را کی طرح پڑھائیں۔ یعنی ''مجرے ھا'' اس حرف کو عام کھڑی زیر کی طرح معروف یعنی ''مجری ھا'' پڑھنا غلط ہے۔ مَجْرٖهَا ''مجرھا'' کے ہجے اس طرح کرائیں، میم، جیم، زبر، مَج، را امالہ والی ''رے''، ''مَجْرٖ'' ھا الف زبر ھَا ''مَجْرٖهَا''

اشمام

تجوید میں اشمام کہتے ہیں حرف ساکن کرنے کے بعد ہونٹوں کو گول کر دینے کو۔ ذیل میں ادغام کے ساتھ اشمام اس طرح کرائیں کہ میم کے ادا کرنے کے بعد نون کا تلفظ

شروع ہوتے ہی غنہ جاری رکھتے ہوئے ہونٹ گول ہوجائیں اور ''نا'' کے تلفظ سے پہلے کھل جائیں۔ لَا تَأْمَنَّا

سکتہ

سوال : سکتہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : سکتہ کہتے ہیں تھوڑی دیر کے لیے آواز بند کرنا مگر سانس نہ ٹوٹے۔ اسی سانس کو جاری رکھتے ہوئے آگے پڑھنا۔

مندرجہ ذیل کے چار کلموں کی تفصیل اس طرح ہے۔ قرآن مجید میں سکتہ چار جگہوں پر ہیں۔

(۱) عِوَجاً سکتہ قَيِّمًا میں تنوین کو الف سے بدل کر سکتہ کریں اور اگر سکتہ نہ کرنا چاہیں تو اخفاء کریں۔

(۲) مِنْ مَّرْقَدِنَا سکتہ هٰذَا میں سکتہ نہ کرنے کی صورت میں کوئی قاعدہ نہیں ہے۔

(۳) مَنْ سکتہ رَاقٍ ن میں سکتہ کریں۔

(۴) بَلْ سکتہ رَانَ لام پر سکتہ کریں۔

پڑھنے کی صورت	لکھنے کی صورت	پڑھنے کی صورت	لکھنے کی صورت
لِشَیْءٍ	لِشَائْءٍ	اَنَ	اَنَا
لٰكِنَّ	لٰكِنَّا	يَبْسُطُ	يَبْصُطُ

اَفَاۡئِنْ	اَفَئِنْ	لَا اَذْبَحَنَّهٗ	لَاَذْبَحَنَّهٗ
لَاۡاِلَى اللّٰهِ	لَاِلَى اللّٰهِ	لَاۡاِلَى الْجَحِيْمِ	لَاِلَى الْجَحِيْمِ
تَبُوْٓءَا	تَبُوْٓءَ	لِيَبْلُوَا	لِيَبْلُوَ
بَصْطَةً	بَسْطَةً	نَبْلُوَا	نَبْلُوَ
مَلَاۡئِهٖ	مَلَئِهٖ	لَا اَنْتُمْ	لَاَنْتُمْ
وَلَاۡاَوْضَعُوْا	وَلَاَوْضَعُوْا	سَلَاسِلَا	سَلَاسِلَ وَصْلًا
ثَمُوْدَا	ثَمُوْدَ	قَوَارِيْرَا	قَوَارِيْرَ وَصْلًا
اَلرَّسُوْلَا وَقْفًا	اَلرَّسُوْلَ وَصْلًا	اَلسَّبِيْلَا	اَلسَّبِيْلَ
لِتَتْلُوَا	لِتَتْلُوَ	بِئْسَ الِاسْمُ	بِئْسَ لِسْمُ
اَلظُّنُوْنَا وَقْفًا	اَلظُّنُوْنَ وَصْلًا	لَنْ نَّدْعُوَا	لَنْ نَّدْعُوَ

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

مخارج

سوال : مخارج کسے کہتے ہیں؟

جواب : مخارج جمع ہے مخرج کی مخرج کہتے ہیں کسی بھی حرف کے ادا ہونے کی جگہ کو جیسے:

ء ہ : ادا ہوتے ہیں گلے کے اس حصّے سے جو سینے کی جانب ہے۔

ع ح : ادا ہوتے ہیں۔ گلے کے درمیان سے۔

غ خ : ادا ہوتے ہیں گلے کے اس حصّے سے جو منہ کی جانب ہے۔

ق : ادا ہوتا ہے زبان کی جڑ اور کوّے سے۔

ک : ادا ہوتا ہے ق کے مخرج سے ذرا ہٹ کر منہ کی جانب سے۔

ج ش ی: ادا ہوتے ہیں زبان کا درمیانی حصّہ اوپر کے تالو سے لگے۔

ض : ادا ہوتا ہے زبان کی دائیں کروٹ اوپر کے دائیں داڑھوں سے لگے۔

ل ن ر: ادا ہوتے ہیں زبان کی نوک اوپر کے مسوڑھوں سے لگے۔

ت د ط : ادا ہوتے ہیں زبان کی نوک اوپر کے سامنے والے دانتوں کی جڑ سے لگے۔

ث ذ ظ : ادا ہوتے ہیں زبان کی نوک اوپر کے سامنے والے دانتوں کے سرے سے لگے۔

ز س ص : ادا ہوتے ہیں۔زبان کی نوک دونوں دانتوں کے پیچھے سے آ کر ٹکرائے۔

ب م : ادا ہوتے ہیں۔دونوں ہونٹ ملانے سے۔

و : ادا ہوتا ہے۔دونوں ہونٹ گول کرنے سے۔

ف : ادا ہوتا ہے۔اوپر کے سامنے والے دانتوں کے سرے نیچے والے ہونٹ کے درمیان سے لگے۔

ا : ادا ہوتا ہے۔منہ کے اندر کے خالی حصّے سے۔



ملک عزیز پاکستان میں قرآن کریم پڑھنے والے بچوں کو فن تجوید اور عربی حروف کی درست ادائیگی کے لیے قاعدہ کی تعلیم دی جاتی ہے، ادارہ معارف القرآن کا شعبہ قاعدہ اپنے منفرد نظام تعلیم کی وجہ سے ملک بھر میں معروف ہے، ادارہ میں بچوں کو قاعدہ کے ساتھ ساتھ تجوید کے ابتدائی اور بنیادی قواعد بھی سکھائے جاتے ہیں اور ان قواعد کا بلیک بورڈ پر اجراء بھی کرایا جاتا ہے، ادارہ کے اساتذہ نے مذکورہ ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے کم سن بچوں کی نفسیات پر غور کر کے طویل تجربات کی روشنی میں ایک ایسا قاعدہ مرتب کیا ہے جس میں ہر تختی سے پہلے تجوید کے بنیادی قواعد آسان سوال و جواب کی صورت میں تحریر کیے گئے ہیں، یہ قاعدہ مروجہ تمام قاعدوں کے فوائد پر مشتمل ہونے کے ساتھ ساتھ بچوں کی سمجھ کے عین مطابق اور عام فہم ہے، اسی لئے اس قاعدے کی مدد سے کم وقت میں مطلوبہ نتائج تک رسائی ممکن ہو جاتی ہے، قرآن مجید کی تعلیم کو قواعد تجوید کے مطابق عام کرنے اور امت کے افادہ کے لیے اس قاعدہ کو مرتب کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے۔ آمین

مرتب

اساتذہ ادارہ معارف القرآن

المعارف بُک شاپ

موبائل نمبر: 0334-5426427

Ghazali Brothers Tel: 36623559